السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا بیماری سے گناہ مٹ جاتے ہیں ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

حدیث سے ثابت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ بیماریوں کے ساتھ اللہ تعالی گناہوں کو مٹا دیتی ہے ۔ نبی ﷺ نے فرمایا ہے :

((ما یصیب المسلم من نَصَب ولا وَصَب ولا ہَمّ ولا حَزَن ولا أذی ولا غَمّ، حتی الشوکة یشاکہا، إلا کفّر اللہ بہا من خطایاہ)) (صحیح البخاری، المرضی، باب ما جاء فی کفارة المرض، ح: 5641، 5642 وصحیح مسلم، البر والصلة، باب ثواب المؤمن فیما یصیبہ من مرض او حزن۔۔۔۔ح، ح: 2573)

''مسلمان کو جب بھی کوئی بریشانی ، غم ، رنج ، تکلیف اور دکھ پہنچتا ہے حتی کہ اسے کانٹا بھی چبھتا ہے تو اللہ تعالی اس کے ساتھ گناہوں کو مٹا دیتا ہے ۔''

اور بیماری تو بڑی مصیبت ہے اللہ جل وعلا اس کے ساتھ یقینا گناہوں کو مٹا دیتا ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص545

محدث فتویٰ